| اقرأ القرآن فی کل سبع ولا تزد علی ذلك | (ق) | ہر ہفتہ میں قرآن کا ختم کر لیا کر۔ اس سے زیادہ مت کر |
| اقرؤا القرآن واتبعوا ما فیه | (ن) | قرآن پڑھو اور اسکے احکام کی تابعداری کرو |
| اقرؤا القرآن بالحزن فانه نزل بالحزن | (ط) | غمناک ہو کر قرآن پڑھا کر کیونکہ یہ غمناکی کے ساتھ نازل ہوا ہے۔ |
| اقرؤا علی موتاکم یٰس | (حم) | اپنے مُردوں پر یٰسین پڑھا کرو |
| اقرب الرقی الی الشرك رقیة الحیة والجنون | (حك) | شرک کے قریب تر وہ منتر ہے جو کہ سانپ و جنون کا منتر ہے |
| اقضه ایاه ان خیار الناس احسنهم قضاء | (ما) | وہ اسکو ادا کر دے بہتر لوگوں کا وہ ہے جو قرضہ اچھی طرح ادا کرے |
| اقضوا الله فالله احق بالوفاء | (خ) | اللہ کا حق ادا کر۔ خدا اس امر کا زیادہ لائق ہے کہ اسکا حق ادا کر دیا جائے |
| اقطف القوم دابة امیرهم | (خ) | سب قوم سے سست چلنے والا انکے امیر کا جانور ہے |

at.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| قل امتی ابناء السبعین | (حلث) | میری امت کے تھوڑے لوگ ستّر سال کے ہوں گے | ۶۹ |
| قل امتی الذین یبلغون السبعین | (م) | میری امت کے تھوڑے لوگ وہ ہیں جو ستر سال کو پہونچینگے | ۷۰ |
| قول کما قال اخی یوسف لاتثریب علیکم الیوم | (ت) | میں اپنے بھائی یوسف کیطرح کہتا ہوں آجکے دن تمپر کوئی ذلّت نہیں | ۷۱ |
| قیلوا ذوی الھیئات عثراتھم الاالحدود | (حم) | ذی شان کی لغزش معاف کرو مگر حدود معاف مت کرو | ۷۲ |
| بر الکبائر حب الدنیا | (فر) | بڑے گناہوں میں سے ہے دنیا کی محبت | ۷۳ |
| تن بابنك عبد الله ابن الزبیر | (ط) | تو اپنی کنیت اپنے لڑکے عبداللہ بن الزبیر کے نام پر کر | ۷۴ |
| ثر منافقی امتی قراؤھا | (حم) | میری امت کے اکثر منافق قاری قرآن کے ہوں گے | ۷۵ |
| ثر اھل الجنة البله | (عد) | اکثر جنتی بھولے بھالے ہوں گے | ۷۶ |
| ثر خرز اھل الجنة العقیق | (حل) | جنت کے اکثر کنکر عقیق ہوں گے | ۷۷ |
| ثر دھن اھل الجنة الخیری | (فر) | جنت کا تیل اکثر گل خیرے کا ہوگا | ۷۸ |
| ثر ذکر الموت یسلیك عما سواہ | (فر نئی) | موت کا زیادہ ذکر کرنا تجھکو ماسوا سے تسلی دیگا | ۷۹ |
| ثروا من ذکر القرینتین سبحان الله وبحمدہ | (فر) | دو قرینوں کا بہت ذکر کیا کرو یعنے سبحان اللہ و بحمدہ۔ | ۰ |
| ثروا فی الجنازۃ قول لا الٰہ الا الله | (مخ) | جنازوں پر لا الٰہ الا اللہ بہت پڑھا کرو | ۰۱ |
| ثروا ذکر ھاذم اللذات الموت | (حم) | موت کا بہت ذکر کیا کرو جو لذتوں کی ہادم ہے | ۰۲ |
| ب الناس الصیاغون والصواغون | (حم) | لوگوں میں سب سے جھوٹے رنگریز اور سنار ہیں | ۰۳ |
| ب الناس الصباغ | (فر) | سب لوگوں سے جھوٹا رنگریز ہوتا ہے | ۰۴ |
| م الناس عند الله اتقاھم | (خ) | اللہ کے نزدیک لوگوں میں زیادہ شریف پرہیزگار ہے | ۰۵ |
| م الشعر | (فر) | بالوں کی عزت کر | ۰۶ |
| موا ابابکر وعمر فان الله خلقھما من فاضل تربتی | (فر) | ابوبکر و عمر کی عزت کرو کہ انکو خدا نے میری بچی ہوئی مٹی سے پیدا کیا ہے | ۰۷ |
| موا الخبز فان الله اکرمه | (ط) | روٹی کی عزت کرو کہ خدا نے اسکی عزت کی ہے | ۰۸ |
| موا بیوتکم ببعض صلاتکم | (ابو) | بعض نماز کے ساتھ اپنے گھروں کی عزت کرو (گھر میں نماز پڑھا کرو) | ۰۹ |
| موا الفقراء فان لھم دولة | (فر) | غریبوں کی عزت کرو کیونکہ انکی وجہ سے دولت ہے | ۱۰ |
| صیبه فانه اشبه اصحابی خلقا | (ط) | اسکی عزت کر کیونکہ وہ میرے اصحاب میں سے میرے مشابہ ہے | ۱۱ |

Marfat.c

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا | اکشفوا عن المناکب واسعوا فی الطواف | (ط) | اپنے کندھے کھولو اور طواف میں دوڑو |
| ا | اکل اللیل امانۃ | (فر) | رات کا کھانا امانت ہے |
| ا | اکل السفرجل یذھب بطخاء القلب | (فر) | بہی کا کھانا دل کے درد و غم کو ہٹاتا ہے |
| ا | اکل الطین یورث النفاق | (فر) | کیچڑ (مٹی) کا کھانا نفاق پیدا کرتا ہے |
| ا | اکل الطین حرام علی کل مسلم | (فر) | مٹی کا کھانا ہر مسلمان پر حرام ہے |
| ا | اقیلوا ذوی العاھات زلاتھم | (حم) | آفت رسیدوں کی لغزش کو معاف کرو |
| ا | اقیموا الحدود علی ما ملکت ایمانکم | (ش) | اپنے غلاموں پر حدیں قائم کرو |
| ا | اکبر الکبائر سوء الظن باللہ | (فر) | بڑا کبیرہ گناہ خدا پر بدگمانی ہے |
| ا | اکتحل وانت صائم | (ت) | سرمہ لگالے درآں حال کہ تو روزہ دار ہو |
| ا | اکثر الحیض عشر واقلہ ثلاث | (ن) | حیض کی مدت اکثر دس روز ہیں اور کم تین روز |
| ا | اکثر عذاب القبر من البول | (حم) | قبر کا اکثر عذاب بباعث آلودگی پیشاب کے ہوتا ہے |
| ا | اکثر خطایا ابن آدم من لسانہ | (ط) | بنی آدم کے اکثر گناہ بسبب زبان کے سرزد ہوتے ہیں |
| ا | اکثر القبائل فی الجنۃ مذحج | (حم) | اکثر قبائل سے جنت میں قبیلہ مذحج کے لوگ ہوں گے |
| ا | اکثرت علیکم فی السؤال | (حم) | مینے تمہارے اوپر سوال کے حق میں زیادتی کی ہے (بہت سوال سے بچو |
| ا | اکثروا ذکر اللہ حتی یقولوا مجنون | (حم) | اللہ کا بہت ذکر کیا کرو یہاں تک کہ لوگ تمکو پاگل کہیں |
| ا | اکثروا علی الصلاۃ یوم الجمعۃ | (د) | جمعہ کے روز مجھپر درود شریف زیادہ پڑھا کرو |
| ا | اکثروا مسئلۃ اللہ الجنۃ | (فر) | اللہ سے جنت کا سوال زیادہ کیا کرو |
| ا | اکذب الناس الصناع | (فر) | لوگوں میں سب سے جھوٹا کاریگر ہے |
| ا | اکرام الکتاب ختمہ | (ط) | خط کی عزت اسپر مُہر لگانا ہے |
| ا | اکرم المجالس ما استقبل بہ القبلۃ | (خا) | بہترین مجلس وہ ہے جسکا رُخ قبلہ کی طرف ہو |
| ا | اکرم شعرک واحسن الیہ | (ت) | اپنے بالوں کی (دھونے اور تیل لگانے سے) عزت کر |
| ا | اکرموا العلماء فانھم عند اللہ کرماء | (فر) | علماء کی عزت کرو کیونکہ وہ اللہ کے نزدیک معزز ہیں |
| ا | اکرموا المعزی وصلوا فی مراحھا | (فر) | بکریوں کی عزت کرو اور انکے باڑے میں نماز پڑھو |

at.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| | اپنی اولاد کی عزت کرو اور انکو اچھا ادب سکھاؤ | (خ) | کرموا اولادکم واحسنوا آدابہم |
| | تکلیف کو ہٹا دے اے لوگوں کے رب اے لوگوں کے اللہ | (ک) | کشف الباس رب الناس الٰہ الناس |
| | درندوں میں سے کچلیوں والا جانور کھانا حرام ہے | (فز) | کل کل ذی ناب من السباع حرام |
| | انجیر کھانا قولنج کی بیماری سے امان ہے | (فز) | کل التین امان من القولنج |
| | مچھلی کھانا جسم کو خراب کر دیتا ہے | (فز) | کل السمک یذہب بالجسد |
| | رات کا کھانا کھا کر سو جانا دل کو سخت کر دیتا ہے | (فز) | کل العشاء والنوم علیہ قساوۃ فی القلب |
| | مومنوں میں وہ کامل ایمان والا ہے جسکے اخلاق اچھے ہوں | (ع) | کمل المؤمنین ایمانا احسنہم خلقا |
| | اللہ اللہ میرا رب ہے، اُسکے ساتھ میں کوئی شریک نہیں کرتا | (ک) | لله الله ربی لا اشرک بہ شیئا |
| | (علی سے خطاب ہے) خدا اور رسول اور جبریل تجھ سے راضی ہیں | (ط) | له ورسولہ وجبریل عنک راضون یعنی علیا |
| | اللہ اللہ کرو مصر کے قبطیوں (قوم عیسائی) کے اندر | (ط) | له الله فی قبط مصر |
| | اللہ اپنے بندوں پر اس چڑیا کے اپنے بچے سے زیادہ رحم کرنیوالا ہے | (د) | له ارحم بعبادہ من ھذہ العصفور بفرخہ |
| | اللہ خوب جانتا ہے جو وہ کرنیوالے تھے | (ک) | له اعلم بما کانوا عاملین |
| | اللہ آخرت سے محبت رکھتا ہے اور دنیا سے بغض | (ط) | له یحب الآخرۃ ویبغض الدنیا |
| | اللہ کی امداد مقروض کے ساتھ ہے یہاں تک کہ وہ قرضہ ادا کرے | (ت) | ه مع الدائن حتی یقضی دینہ |
| | اللہ بعوض ایک نیکی کے دس لاکھ نیکیوں کا ثواب دیتا ہے | (فز) | ه یعطی بالحسنۃ الف الف حسنۃ |
| ۵۰ | یا اللہ تو اول ہے تجھ سے اول کوئی چیز نہیں | (ط) | م انت الاول فلا شیٔ قبلک |
| ۵۱ | یا اللہ میں اُن لوگوں میں پہلا ہوں جنہوں نے تیرے حکم کو زندہ کیا جبکہ وہ مارے گئے تھے | (حم) | م انی اول من احیا امرک اذا ماتوہ |
| ۵۲ | یا اللہ دنیا مجھے ایسی دکھا جیسی تو نے اپنے نیک بندوں کو دکھائی ہے | (فز) | م ارنی الدنیا کما تریہا صالح عبادک |
| ۵۳ | یا اللہ تو میرا بازو اور مددگار ہے میں تیری مدد سے جنگ کرتا ہوں | (حم) | م انت عضدی ونصیری وبک اقاتل |
| ۵۴ | یا اللہ مجھے مسکین زندہ رکھ اور مجھے مسکین ہی مار | (ت) | م احینی مسکینا وامتنی مسکینا |
| ۵۵ | یا اللہ اسکو ایسا حج کرا دے جسمیں ریا اور غیر کو سنوانا نہ ہو | (فز) | اجعلہ حجا لا ریاء فیہ ولا سمعۃ |
| ۵۶ | یا اللہ میرے بڑھاپے کے وقت میرا رزق کشادہ کر دے | (ط) | اجعل اوسع رزقک عند کبر سنی |
| ۵۷ | یا اللہ تو آل محمد کا رزق قوت فرما دے (زیادہ نہ ہو) | (ق) | اجعل رزق آل محمد قوتا |

rfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰ | اللهم ارزق آل محمد قوتا | (خ) | یا اللہ آل محمد کو رزق بمنزلہ قوت دے |
| ۱۰ | اللهم استرني بالعافية في الدنيا والآخرة | (فر) | یا اللہ تو میرا دنیا اور آخرت میں عافیت سے پردہ کر |
| ۱۰ | اللهم استر العباس وولده من النار | (فر) | یا اللہ عباس اور اُسکے صاحبزادے کو آگ سے بچا |
| ۱۰ | اللهم اعني على سكرات الموت | (حم) | یا اللہ میری امداد فرما سکرات موت پر |
| ۱۰ | اللهم اغفر لي وارحمني واهدني الطريق الاقوم | (حم) | یا اللہ مجھکو بخش اور رحم فرما اور سیدھے راستے کی ہدایت کر |
| ۱۰ | اللهم اغفر لابي ذر وتب عليه | (فر) | یا اللہ ابی ذر کو بخش اور اسپر رجوع برحمت کر |
| ۱۰ | اللهم اغفر للاحنف ابن قيس | (ط) | یا اللہ تو احنف ابن قیس کو بخشدے |
| ۱۰ | اللهم اغفر لقومي فانهم لا يعلمون | (بر) | یا اللہ تو میری قوم کو بخشدے کیونکہ وہ نہیں جانتے |
| ۱۰ | اللهم البسني العافية في الدنيا واليقين في الآخرة | (فر) | یا اللہ دنیا میں عافیت میرا لباس کردے اور یقین آخرت |
| ۱۰ | الله المزوّج وجبريل الشاهد يعني لزينب | (ط) | اللہ تعالی نکاح پڑھنے والا اور جبریل گواہ ہیں یعنے زینب کے |
| ۱۰ | الله الله في اخوانكم من اهل القبور | (لك) | اللہ سے بچو اپنے بھائیوں اہل قبور کو برا کہنے میں |
| ۱۰ | الله الله في النساء فانهن عوان عندكم | (ن) | اللہ سے بچو عورتوں کے حق میں کیونکہ وہ تمہارے نزدیک بجا |
| ۱۰ | الله اعلم بما كنتم عاملين اذ خلقكم | (حم) | جب اللہ نے تمکو پیدا کیا تو وہی تمہارے اعمال کو جانتا |
| ۱۰ | الله اعلم ان قلبي يحبكن قاله لجواري الانصار | (ہ) | اللہ جانتا ہے کہ میرا دل تمکو (اے بنات انصار) پیارا جانتا |
| ۱۰ | الله مع القاضي ما لم يحدث | (فر) | اللہ تعالی قاضی کے ساتھ ہے جبتک وہ بے وضو نہ ہو |
| ۱۰ | الله في عون العبد ما دام العبد في عون اخيه المسلم | (ق) | اللہ اپنے بندے کی مدد میں ہے جبتک وہ اپنے مسلمان بھائی کی امداد |
| ۱۰ | اللهم ارزقني طيبا واستعملني صالحا | (حك) | یا اللہ مجھے پاکی کا رزق دے اور مجھسے صالح عمل کرا |
| ۱۰ | اللهم انت العدل في قضائك | (فر) | یا اللہ تو اپنی قضا میں عادل ہے |
| ۱۰ | اللهم آت نفسي تقواها وزكها انت خير من زكاها | (لك) | یا اللہ میرے نفس کو تقوی دے اور اُسکو پاک کر تو اسے اچھا پاک کرنیوالا |
| ۱۰ | اللهم احسنت خلقي فحسن خلقي | (حم) | یا اللہ تو نے میرا ظاہر عمدہ بنایا ہے میرے اخلاق بھی عمدہ بنا |
| ۱۰ | اللهم ائتني باحب خلقك يأكل من هذا الطير فدخل علي | (ت) | یا اللہ تو اپنا پیارا بندہ لا کہ میرے ساتھ ملکر یہ پرندہ کھائے اتنے میں علی آ |
| ۱۰ | اللهم اجرنا من خزي الدنيا وعذاب الآخرة | (حم) | یا اللہ مجھے دنیا کی ذلت اور آخرت کے عذاب سے بچا |
| ۱۰ | اللهم اجعلنا مفلحين | (فر) | یا اللہ ہمکو فلاح پانیوالوں سے کردے |

at.com

| | | |
|---|---|---|
| اللھم ارزقنی شہادۃ فی یسر منک وعافیۃ | (فر) | یا اللہ مجھے وہ شہادت عطا کر کہ تیری طرف آسانی و عافیت حاصل ہو |
| اللھم ارزق آل محمد کفافا | (م) | یا اللہ آل محمد کو رزق کافی عطا کر |
| اللھم اجعل فناء امتی بالطعن والطاعون | (الماوردی) | یا اللہ میری امت کی فنا (موت) لڑائی (جہاد) و طاعون میں کیجیو |
| اللھم اصلح الراعی والرعیۃ | (غز) | یا اللہ تو چرواہے (بادشاہ) اور رعیت کو صالح بنا دے |
| اللھم انصر العباس وولد العباس ثلاثا | (کو) | یا اللہ تو عباس اور اسکے ولد کی امداد کر، یہ تین دفعہ فرمایا |
| اللھم اعنی علی ذکرک وشکرک وحسن عبادتک | (حم) | یا اللہ اپنا ذکر و شکر اور اچھی عبادت کرنے میں میری مدد کر |
| اللھم اغفرلی وارحمنی والحقنی بالرفیق الاعلی | (ق) | یا اللہ مجھے بخش دے اور رحم کر اور رفیق اعلیٰ سے ملا دے |
| اللھم اغفر لحذیفۃ ولام حذیفۃ | (تر) | یا اللہ حذیفہ اور اسکی والدہ کو بخش دے |
| اللھم اغفر للحاج ولمن استغفر لہ الحاج | (ط) | یا اللہ حاجیوں کو بخش دے اور اسکو جو حاجیوں کے لئے بخشش مانگے |
| اللھم الھمنی رشدی واعذنی من شر نفسی | (تر) | یا اللہ تو مجھکو ہدایت کا القا کر اور شر نفس سے پناہ دے |
| اللھم الق طلحۃ یضحک الیک وتضحک الیہ | (ط) | یا اللہ تو طلحہ سے ملاقات کر کہ وہ تجھے دیکھکر ہنسے اور تو اسکو دیکھکر ہنسے |
| اللھم انصر من ینصر علیا | (ط) | یا اللہ تو اسکی امداد کر جو علی کی امداد کرے |
| اللھم اخذل من خذل علیا | (ط) | یا اللہ تو اسکو ذلیل کر جو علی کو ذلیل کرے |
| اللھم انت السلام ومنک السلام فحینا ربنا بالسلام | (ھق) | یا اللہ تو سلامتی ہے اور سلامتی والا ہے سو ہمکو اے رب سلامتی کے ساتھ زندہ رکھ |
| اللھم انت عضدی ونصیری وبک اقاتل | (د) | یا اللہ تو میرا بازو ہے اور تو میرا مددگار ہے تیری توفیق سے ... |
| اللھم انی اسألک غنای وغنی مولای | (حم) | یا اللہ میں تجھسے اپنی اور اپنے آزاد شدہ غلام کی غنا چاہتا ہوں |
| اللھم انی اعوذبک من شر الاعین | (ط) | یا اللہ تیری پناہ لیتا ہوں نظر بد سے |
| اللھم انی اعوذبک من البؤس والتباؤس | (ط) | یا اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں خوف سے اور باہم خوف دلانے سے |
| اللھم انی اعوذبک من الخبث والخبائث | (خ) | یا اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں نر و مادہ شیاطین سے |
| اللھم ان عثمان یرید رضای فارض عنہ | (حل) | یا اللہ عثمان میری رضا طلب کرتا ہے تو اس سے راضی ہو |
| اللھم اھد دوسا وائت بہم مسلمین | (حم) | یا اللہ دوسیونکو ہدایت کر اور انکو میرے پاس مسلمان کرکے لا |
| اللھم اقبل بقلبی الی دینک واحفظنی برحمتک | (ع) | یا اللہ میرا دل اپنے دین کیطرف متوجہ کر اور اپنی رحمت سے میری حفاظت کر |
| اللھم اقبل بقلوبہم وبارک لنا فی صاعنا ومدنا | (حم) | یا اللہ انکے دل متوجہ کر اور ہمارے (پیمانوں) مد و صاع میں برکت کر |

rfat.com

| | | |
|---|---|---|
| اللھم اعز الدین بعمر بن الخطاب | (سع) | یا اللہ تو دین کو عمر بن خطاب سے عزت دے |
| اللھم اعز الاسلام بعمر خاصۃ | (ک) | یا اللہ تو دین کو خاص عمر سے عزت دے |
| اللھم اعز الاسلام بابی جہل او بعمر | (بغوی) | یا اللہ تو اسلام کو ابو جہل یا عمر سے عزت دے |
| اللھم اکفنی ما اھمنی | (فر) | یا اللہ تو میرے لئے اُن کاموں میں کافی ہو جو مجھے غم میں ڈالتے ہیں |
| اللھم اشدد وطأتک علی مضر | (ق) | یا اللہ تو اپنی پائمالی قوم مضر پر سخت کر دے |
| اللھم انی احبہ فاحبہ یعنی الحسین | (ک) | یا اللہ میں اُس سے محبت رکھتا ہوں جو اس سے محبت رکھے (یعنی حسین سے) |
| اللھم انی احبھما فاحبھما یعنی الحسنین | (ت) | یا اللہ میں ان دونوں سے محبت رکھتا ہوں تو بھی ان سے محبت رکھ (مراد حسنین) |
| اللھم انی استودعکھما وصالح المؤمنین | (ط) | یا اللہ میں ان دونوں کو تیرے اور صالح مومنوں کے پاس امانت چھوڑتا ہوں |
| اللھم اخلف جعفرا فی اھلہ ثلاثا | (ط) | یا اللہ تو جعفر کے اہل میں خلیفہ ہو جیو۔ یہ تین دفعہ فرمایا۔ |
| اللھم اغفر لآل یاسر وقد فعل | (حم) | یا اللہ تو آل یاسر کو بخشدے اور تحقیق اس نے کیا |
| اللھم اطولہ البعید وھون علیہ السفر | (ت) | یا اللہ تو لمبائی اسکے لئے لپیٹ دے اور سفر اسپر آسان کر دے |
| اللھم اغفر للصحابۃ ولمن رای من رانی | (ط) | یا اللہ تو میرے اصحاب کو بخش اور جنہوں نے میرے دیکھنے والوں کو دیکھا اُنکو بخش |
| اللھم انی اعوذ بک من عذاب القبر | (فر) | یا اللہ میں عذاب قبر سے تیری پناہ لیتا ہوں |
| اللھم اکرم من اکرم علیا | (ط) | یا اللہ تو اسکی عزت کر جو علی کی عزت کرے |
| اللھم انی اعوذ بک من نفخۃ الکبریاء | (غز) | یا اللہ میں تکبر کی پھونک سے تیری پناہ لیتا ہوں |
| اللھم انت العدل فی قضائک | (فر) | یا اللہ تو اپنی قضا میں عادل ہے |
| اللھم ان تشأ لا تعبد فی الارض ۔ قالہ یوم احد | (حم) | یا اللہ اگر تو چاہے تیری عبادت زمین پر نہیں کیجائیگی (یہ روز اُحد فرمایا) |
| اللھم انی اسألک واقیۃ کواقیۃ الولید | (فر) | یا اللہ میں تجھسے واقیہ (حفظ) مانگتا ہوں مثل واقیہ ولید کے |
| اللھم انی اعوذ بک من شر الاھرمین | (فر) | یا اللہ میں شیطانوں کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں |
| اللھم انی اعوذ بک من شر الاعمیین | (فر) | یا اللہ میں اندھوں کی شرارت سے تیری پناہ مانگتا ہوں |
| اللھم انی ابرأ الیک مما صنع خالد | (حم) | یا اللہ جو خالد نے کیا میں اس سے بیزاری ظاہر کرتا ہوں |
| اللھم ان عثمان یترضاک فارض عنہ | (کر) | یا اللہ عثمان تجھکو راضی کرتا ہے تو اس سے راضی ہو جا |
| اللھم اغفر للانصار ولابناء الانصار وابناء ابنائھم | (ط) | یا اللہ تو انصار اور انکے بیٹوں اور پوتوں کو بخش دے |

...at.com

| | | |
|---|---|---|
| اللھم ارزقنی اللھم اھدنی | (ض) | یا اللہ تو مجھے رزق دے اور ہدایت کر |
| اللھم اعز الاسلام باحب الرجلین الیك | (ت) | یا اللہ تو اسلام کی اُن دو مردوں کی بدولت جو تجھے پیارے ہوں عزت کر |
| اللھم اعز الاسلام بعمر | (ك) | یا اللہ تو اسلام کی عمر کی بدولت عزت کر |
| اللھم ایّد الاسلام بعمر | (ط) | یا اللہ تو اسلام کو عمر سے قوت دے |
| اللھم انت ثقتی و رجائی | (ذ) | یا اللہ تو میری امید کی جگہ اور بھروسے کی جگہ ہے |
| اللھم انت خلقته وھدیته وقبضت روحه | (حم) | یا اللہ تو نے اسکو پیدا کیا اور ہدایت کی اور تو نے اسکی روح قبض کی ہے |
| اللھم افتح لی ابواب رحمتك | (م) | یا اللہ تو میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھولدے |
| اللھم انی احب حسینا فاحبه واحب من یحبه | (حم) | یا اللہ میں حسین سے محبت رکھتا ہوں تو اُسکے ساتھ محبت کر اور اُسکے محب کو محبوب رکھ |
| اللھم انی احبھما فاحبھما وابغض من ابغضھما | (ش) | یا اللہ میں اُن دونوں سے محبت رکھتا ہوں تو بھی اُن سے محبت رکھ اور جو اُن سے بغض کرے اُسے مبغوض رکھ |
| اللھم اھل بیتی وانا مستودعھم کل مؤمن | (کر) | یا اللہ میں اپنے اہل بیت کو ہر ایک مومن کے پاس امانت رکھتا ہوں |
| اللھم اخلف جعفرا فی ولدہ | (ط) | یا اللہ تو جعفر کی اولاد میں خلیفہ ہو جا |
| اللھم انی اعوذ بك من شر ما علمت وما لم اعلم | (م) | یا اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں اس سے جو جانتا ہوں اور جو نہیں جانتا |
| اللھم استجب لسعد اذا دعاك | (ت) | یا اللہ تو سعد کی دعا قبول کر جب وہ تجھکو بلائے |
| اللھم انی اعوذ بك من فتنة النساء | (خر) | یا اللہ میں عورت کے فتنہ سے پناہ مانگتا ہوں |
| اللھم اغفر لعبد القیس ثلاثا | (ط) | یا اللہ تو عبد القیس کو بخشدے تین [illegible] |
| اللھم انی اعوذ بك من شر سمعی | (ط) | یا اللہ میں اپنے کانوں کے [illegible] پناہ لیتا ہوں |
| اللھم انی اعوذ بك من شر نفسی واسرافھا ووسواسھا | (ذ) | یا اللہ میں شر نفس اور اسکے اسراف و وسوسہ سے تیری پناہ لیتا ہوں |
| اللھم انی اسألك علما نافعا وعملا متقبلا | (ط) | یا اللہ میں تجھ سے علم نافع اور عمل مقبول کا سوال کرتا ہوں |
| اللھم اغفر ذنبی وخطایای وجھلی | (حم) | یا اللہ تو میرے گناہ اور خطا اور جہالت کو معاف کردے |
| اللھم اجعل حبك احب الیّ من نفسی واھلی | (نع) | یا اللہ تو میرے لئے میرے نفس اور اہل سے اپنی محبت پیاری کردے |
| اللھم انی اعوذ بك من حال اھل النار | (خس) | یا اللہ میں اہل نار کے حال سے تیری پناہ لیتا ہوں |
| اللھم اھد ثقیفا | (حم) | یا اللہ تو ثقیف کو ہدایت کردے |
| اللھم احفظ ابا قتادة کما حفظنی منذ اللیل | (ط) | یا اللہ تو ابا قتادہ کی حفاظت جیسی رات سے اُسنے میری حفاظت کی ہے |

Marfat.c

| | | |
|---|---|---|
| اللهم ارحم المتسرولات | (محاملی) | یا اللہ تو چادر اوڑھنے والیوں پر رحم فرما |
| اللهم الیك لا الی النار انا واهل بیتی | (کا) | یا اللہ تو دور کر آگ سے مجھکو اور میرے اہل بیت کو |
| اللهم انت البر الجواد الکریم | (حز) | یا اللہ تو نیک اور سخی اور کریم ہے |
| اللهم انك رب عظیم لا یسعك شئ مما خلقت | (حز) | یا اللہ تو بڑا خدا ہے تجھکو تیری مخلوقات نہیں سما سکتی |
| اللهم انی اسألك باسمك الاعظم ورضوانك الاکبر | (فر) | یا اللہ میں تیرے اسم اعظم کے ذریعے تیری بڑی رضامندی کا خواستگار |
| اللهم انی اسألك من خیره وخیر ما هوله | (فر) | یا اللہ میں اسکی خیر مانگتا ہوں اور خیر اسکی جسکے لئے وہ ہے |
| اللهم انی اسألك فواتح الخیر وخواتمه وجوامعه | (ط) | یا اللہ میں تجھ سے خیر کے اوائل اور اواخر اور تمامتر خیر کو طلب کرتا ہوں |
| اللهم انی اسألك نفسا بك مطمئنة | (ط) | یا اللہ میں تجھ سے اطمینان والا نفس طلب کرتا ہوں |
| اللهم اسألك الصحة والعفة | (ط) | یا اللہ میں تجھ سے صحت اور پاکی طلب کرتا ہوں |
| م انی اعوذ بك من الضیقة فی السفر والکآبة فی المنقلب | (م) | یا اللہ میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں سفر میں تنگی اور واپسی میں غم سے |
| م انی اعوذ بك من امرأة تشیبنی قبل المشیب | (ط) | یا اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں ایسی عورت سے جو بڑھاپے سے پہلے بوڑھا |
| م انی اعوذ بك من الشر ضجیعا | (ط) | یا اللہ میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں برے ہمخواب کے شر سے |
| م انی اعوذ بك من فتنة الاعور الکذاب | (ط) | یا اللہ میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں یک چشم جھوٹے سے |
| م انی اعوذ بك من جار السوء فی دار الاقامة | (طبا) | یا اللہ میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں دار اقامت میں برے پڑوس (ہمسایہ) سے |
| م انی اعوذ بك من سوء القضاء وجهد البلاء | (ق) | یا اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں بری قضا و تقدیر اور سخت بلا سے |
| انی اعوذ بك من الشقاق والنفاق وسوء الاخلاق | (ق) | یا اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں اختلاف اور نفاق اور برے اخلاق سے |
| انی اعوذ بك من سوء الاخلاق | (د) | یا اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں برے اخلاق سے |
| انی اعوذ بك من شر سمعی ومن شر بصری | (حم) | یا اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں اپنی سماعت اور بصارت کے شر سے |
| انی اعوذ بك من الکفر والفقر | (ك) | یا اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں کفر اور فقر سے |
| انفعنی بما علمتنی وعلمنی ما ینفعنی | (ط) | یا اللہ اس علم سے جو تو نے مجھے دیا ہے نفع دے اور وہ علم مجھے سکھا جو نفع دے |
| م اجعل ابا بکر معی فی درجتی یوم القیامة | (نع) | یا اللہ تو ابو بکر کو قیامت میں میرے ساتھ ایک درجہ میں شامل کردے |
| م آمن روعتی واحفظ امانتی واقض دینی | (لك) | یا اللہ مجھے خوف سے امن دے میری امانت کی حفاظت کر اور میرا قرض ادا کردے |
| م انی اعوذ بك من شر الریح | (لك) | یا اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں ریح کی شر سے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ...م اصح لي سمعي وبصري | (خ) | یا اللہ تو میرے کان اور میری آنکھ صحیح کردے | ١٧٤ |
| ...ني اسألك الهدى والتقى والعفاف والغنى | (ش) | یا اللہ میں تجھسے ہدایت پرہیزگاری، پاکی اور غنا طلب کرتا ہوں | ١٧٥ |
| ...م اغفر للمتسرولات من امتي | (فر) | یا اللہ تو چادر اوڑھنے والی میری امت کی عورتوں کو بخشدے | ١٧٦ |
| ...انك تعلم سري وعلانيتي فاقبل معذرتي | (فر) | یا اللہ تو میرے پوشیدہ اور ظاہر حال سے واقف ہے پھر میرا عذر قبول کر | ١٧٧ |
| ...انت خلاق عظيم سميع عليم | (خز) | یا اللہ تو بڑا پیدا کرنیوالا۔ بڑا سننے والا اور بڑا جاننے والا ہے | ١٧٨ |
| ...م انك عفو تحب العفو فاعف عني | (ه) | یا اللہ تو بڑا معاف کرنیوالا معافی پسند ہے۔ پھر مجھے معاف کردے | ١٧٩ |
| ...ني اسألك الجنة التي ظلها عرشك | (فر) | یا اللہ میں وہ جنت تجھسے مانگتا ہوں جسکا سایہ تیرا عرش ہے | ١٨٠ |
| ...ني اسألك ان ترفع ذكري وتضع وزري | (ط) | یا اللہ میں تجھسے سوال کرتا ہوں کہ تو میرا ذکر بلند اور گناہ دور کرے | ١٨١ |
| ...ني اسألك فعل الخيرات وترك المنكرات | (ت) | یا اللہ میں تجھسے نیکیاں کرنے اور برائیاں ترک کرنے کا سوال کرتا ہوں | ١٨٢ |
| ...ني اسألك السداد والهدى | (م) | یا اللہ میں تجھسے راستی اور ہدایت کا سوال کرتا ہوں | ١٨٣ |
| ...ني اسألك النعيم يوم القيامة والامن يوم الخوف | (فر) | یا اللہ میں تجھسے قیامت کی نعمت اور خوف والے روز کے امن کا سوال کرتا ہوں | ١٨٤ |
| ...ني اعوذبك من ضيق الدنيا وضيق يوم القيامة | (د) | یا اللہ میں تجھسے پناہ مانگتا ہوں تنگی دنیا اور تنگی روز قیامت سے | ١٨٥ |
| ...ني اعوذبك من الشر والوغى | (ط) | یا اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں شر اور جنگ سے | ١٨٦ |
| ...ني اعوذبك من فتنة المحيا والممات | (ط) | یا اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں زندگی اور موت کے فتنہ سے | ١٨٧ |
| ...ني اعوذبك من بطر الغنى ومذلة الفقر | (طيا) | یا اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں غنا کے تکبر اور فقر [illegible] | ١٨٨ |
| ...ني اعوذبك من زوال نعمتك | (خز) | یا اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں تیری نعمت کے زائل ہونے سے | ١٨٩ |
| ...ني اعوذبك من صفقة خاسرة | (م) | یا اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں نقصان والے عقد بیع سے | ١٩٠ |
| ...ني اعوذبك من يوم السوء وساعة السوء | (ط) | یا اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں برے دن اور برے وقت سے | ١٩١ |
| ...ني اعوذبك من العجز والكسل | (ق) | یا اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں عاجزی اور سستی سے | ١٩٢ |
| ...ني اعوذبك من الكفر والفقر وعذاب القبر | (حم) | یا اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں کفر فقیری اور عذاب قبر سے | ١٩٣ |
| ...ني اعوذبك من الهدم والتردي والغرق | (د) | یا اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں دبکر مرنے اور ہلاکی اور غرق ہوجانیسے | ١٩٤ |
| ...ني استغفرك واتوب اليك | (طيا) | یا اللہ میں تجھسے بخشش مانگتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں | ١٩٥ |
| ...جعلك في نحورهم واعوذبك من شرورهم | (حم) | یا اللہ تجھکو انکے سینہ میں کرتا ہوں اور انکے شر سے تیری پناہ لیتا ہوں | ١٩٦ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱۹ | اللہم ان العیش عیش الآخرۃ | (ق) | یا اللہ زندگی تو آخرت کی زندگی ہے |
| ۱۱۹ | اللہم ارنا النعیم نعیم الآخرۃ | (فز) | یا اللہ ہمکو نعمت دکھلا جو آخرت کی نعمت ہے |
| ۱۱۹ | اللہم اغننی بحلالک عن حرامک | (حم) | یا اللہ تو اپنے حلال کے ساتھ حرام سے بے پرواہ اور غنی |
| ۱۲۰ | اللہم الطف بی فی تیسیر کل عسیر | (ط) | یا اللہ تو ہر ایک مشکل کے آسان کرنے میں مہربانی کر |
| ۱۲۰ | اللہم اھلہ علینا بالامن والایمان | (فز) | یا اللہ اس چاند کو ہمارے اوپر امن اور ایمان کا کر |
| ۱۲۰ | اللہم اجعل ابا بکر معی یوم القیامۃ فی درجتی | (حل) | یا اللہ تو ابوبکر کو قیامت کے دن میرے ساتھ میرے درجہ میں |
| ۱۲۰ | اللہم اجعلنی ممن توکل علیک فکفیتہ | (فز) | یا اللہ مجھے توکل کرنیوالوں میں سے کردے جنکے لئے تو کافی ہو جا |
| ۱۲۰ | اللہم اجعل حبک زیادۃ لی فی کل خیر | (م) | یا اللہ تو اپنی محبت میرے اندر ہر خیر سے زیادہ کردے |
| ۱۲۰ | اللہم سریرتی خیرا من علانیتی | (ت) | یا اللہ میرا باطن میرے ظاہر سے اچھا کردے |
| ۱۲۰ | اللہم احفظ العلماء | (فر) | یا اللہ علماء کی حفاظت کر |
| ۱۲ | اللہم ارحم عظمی الدقیق وجلدی الرقیق | (ابو) | یا اللہ میری باریک ہڈیوں اور نازک چمڑے پر رحم کر |
| ۱۲ | اللہم استرنی بالعافیۃ فی الدنیا والآخرۃ | (فز) | یا اللہ عافیت کے ساتھ دنیا اور آخرت میں میرا پردہ کر |
| ۱۲ | اللہم اغفر ذنبی ووسع لی فی خلقی | (حم) | یا اللہ میرا گناہ بخشدے اور میری خصلت میں فراخی کر |
| ۱۲ | اللھم اغفر لامتی ثلاثا | (فز) | یا اللہ میری امت کو بخشدے۔ یہ دعا تین دفعہ فرمائی |
| ۱۲ | اللہم اغفر لی وارحمنی والحقنی بالرفیق الاعلی | (ق) | یا اللہ مجھکو بخشدے مجھپر رحم کر اور مجھکو رفیق اعلیٰ سے ملادے |
| ۱۲ | اللہم بارک لامتی فی بکورھا یوم الخمیس | (ہ) | یا اللہ تو میری امت میں جمعرات کی صبح سویرے میں برکت دے |
| ۱۲ | اللہم بارک لبنی ضبطۃ فی سفرتہا | (فز) | یا اللہ بنی ضبطہ کے دسترخوان (کھانے) میں برکت کردے |
| ۱۲ | اللہم بارک لاھل المدینۃ فی مدینتھم | (حم) | یا اللہ تو اہل مدینہ کے شہر میں برکت کردے |
| ۱۲ | اللہم بارک فی الجذامی | (ط) | یا اللہ تو جذامی میں برکت دے (جذامی سرخ رنگ کی کھجور یا مدینہ میں تھی |
| ۱۲ | اللہم بارک لامتی فی سحورھا | (قط) | یا اللہ میری امت کی سحری میں برکت کردے |
| ۱۲ | اللہم بارک لنا فیما رزقتنا وقنا عذاب النار | (فز) | یا اللہ جو تونے ہمکو رزق دیا ہے اسمیں برکت کر اور ہمکو آتش دوزخ سے بچا |
| ۱۲ | اللہم انی اعوذ بک من الفقر وان تقضی عنی المغرم | (ق) | یا اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں فقیری سے اور تو مجھے میرا تاوان ادا کردے |
| ۱۲ | اللہم انی اعوذ بک من النار ویل لاھل النار | (ما) | یا اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں جہنمیوں کے لئے ہلاکی ہے |

fat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۲۲۰ | انی اعوذبك ان اشرك بك وانا اعلم | (لا) | یا اللہ تیری پناہ لیتا ہوں اس سے کہ تیرے ساتھ جانکر شرک پیدا کروں |
| ۱۲۲۱ | انی اخرج حق الضعیفین الیتیم والمرأة | (فز) | یا اللہ میں دو ضعیفوں کا حق نکالتا ہوں ایک یتیم دوسری عورت ہے، |
| ۱۲۲۲ | م انی ضعیف فقوّ برجائك ضعفی | (ط) | یا اللہ میں ضعیف ہوں اپنی امید سے میری ضعیفی قوی کر دے |
| ۱۲۲۳ | ذهب عنه الحر والبرد قاله لعلی | (فز) | یا اللہ تو اس (علی) سے سردی اور گرمی دونوں دور کر دے |
| ۱۲۲۴ | صلح لی دینی الذی هو عصمة امری | (م) | یا اللہ تو میرے دین کو صالح کر جس سے میرے تمام امر کی درستی ہو |
| ۱۲۲۵ | فقر المعلّمین کی لا یذهب القرآن | (فز) | یا اللہ تو معلموں کو فقیر کر دے تاکہ قرآن نہ چلا جائے |
| ۱۲۲۶ | اوسع علیّ من الدنیا وزهدنی فیها | (فز) | یا اللہ دنیا میں میرے اوپر فراخی کر اور مجھکو دنیا کا تارک بنا دے |
| ۱۲۲۷ | هله علینا بالیمن والسلامة والاحسان | (حم) | یا اللہ تو یہ چاند ہم پر برکت، سلامتی اور احسان سے چڑھا دے |
| ۱۲۲۸ | علنی سهل البیع والشراء | (فز) | یا اللہ مجھکو آسان بیع اور شرا (خرید و فروخت) والا کر دے |
| ۱۲۲۹ | غفر للمؤذنین | (سع) | یا اللہ تو موذنوں کو بخشدے |
| ۱۲۳۰ | علها ریاحا اللهم اجعلها رحمة | (لا) | یا اللہ تو اسکو ہوا کر دے یا اللہ تو اسپر رحم کر دے |
| ۱۲۳۱ | ل لنا بها قرارا ورزقا حسنا یعنی المدینة | (فز) | یا اللہ تو ہمارے لئے مدینہ میں قرار مقرر کر دے اور مدینہ میں رزق عمدہ کر دے |
| ۱۲۳۲ | نی وتجاوز عنی | (فز) | یا اللہ تو مجھ پر رحم کر اور مجھ سے تجاوز کر |
| ۱۲۳۳ | رقنی شهادة فی یسر منك وعافیة | (فز) | یا اللہ تو میرے نصیب شہادت کر تیری طرف سے آسانی، عافیت ہو |
| ۱۲۳۴ | ر ذنبی واخسئ شیطانی | (د) | یا اللہ تو میرے گناہ بخشدے اور میرے شیطان کو ذلیل کر |
| ۱۲۳۵ | ر لابی سلمة وارفع درجته | (د) | یا اللہ تو ابی سلمہ کو بخش اور اسکا درجہ بلند کر دے |
| ۱۲۳۶ | ر لاهل بقیع الغرقد | (ع) | یا اللہ اہل مقبرہ بقیع الغرقد کو بخشدے |
| ۱۲۳۷ | رك لامتی فی بکورها | (حم) | یا اللہ میری امت کے صبح سویرے میں برکت کر دے |
| ۱۲۳۸ | ك علی خیل احمس ورجالها | (خ) | یا اللہ احمس کے سواروں اور پیادوں میں برکت دے |
| ۱۲۳۹ | ك له فی صفقة یده قاله لحکیم بن حزام | (طا) | یا اللہ تو اس (حکیم بن حزام) کے عقد ید (بیع) میں برکت کر |
| ۱۲۴۰ | ك لاهل المدینة فی صاعهم ومدهم | (حم) | یا اللہ تو اہل مدینہ کے صاع اور مد (پیمانوں) میں برکت کر دے |
| ۱۲۴۱ | علی آل فاتك کما آووا هذا المصاب | (کی) | یا اللہ آل فاتک میں برکت کر جیسے کہ انہوں نے اس مصیبت زدہ کو جگہ دی ہے |
| ۱۲۴۲ | فیه والنشر منه۔ قاله لابن عباس | (نع) | یا اللہ اس (ابن عباس) میں برکت کر اور اسے دے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| یا اللہ ہمیں اس جانور میں برکت دے جس نے ہمکو نماز کے لئے | (فر) | اللهم بارك لنا في هذه الدابة التي ايقظتنا للصلاة | ١٢٤٣ |
| یا اللہ تو مجھے فقیر کرکے مار غنی کرکے نہ مار | (فر) | اللهم توفني فقيرا ولا توفني غنيا | ١٢٤٤ |
| یا اللہ تو اس (علی) کی زبان ثابت رکھ اور اسکے دل کو ہدایت | (ق) | اللهم ثبت لسانه واهد قلبه - قاله لعلي | ١٢٤٥ |
| یا اللہ مجھے بری خواہشات اور برے اخلاق سے بچا | (كر) | اللهم جنبني منكرات الاخلاق والاهواء | ١٢٤٦ |
| یا اللہ جو مجھے رسول جانے اُسکے لئے موت پیاری کر | (ت) | اللهم حبب الموت الى من يعلم انى رسولك | ١٢٤٧ |
| یا اللہ اس امت کی پیشانیاں (رخ) اپنی طاعت کیطرف | (ط) | اللهم خذ بنواصي هذه الامة الى طاعتك | ١٢٤٨ |
| یا اللہ تو گمراہوں کو لوٹا دے تو گمراہی سے ہدایت کرنیوالا ہے | (ط) | اللهم راد الضالة انت تهدى من الضلالة | ١٢٤٩ |
| یا اللہ تو آل ابی اوفیٰ پر رحمت کر | (ق) | اللهم صل على آل ابى اوفى | ١٢٥٠ |
| یا اللہ تیری رحمت آل سعد بن عبادہ پر ہو | (د) | اللهم صلواتك ورحمتك على آل سعد بن عبادة | ١٢٥١ |
| یا اللہ تو مجھے برف اولوں اور ٹھنڈے پانی کے ساتھ پ | (حم) | اللهم طهرني بالثلج والبرد والماء البارد | ١٢٥٢ |
| یا اللہ تو میری آنکھوں میں عافیت عطا فرما | (د) | اللهم عافني في بصري | ١٢٥٣ |
| یا اللہ تو مجھے بلاء دنیا وعذاب آخرت سے عافیت عطا | (حم) | اللهم عافني من بلاء الدنيا وعذاب الآخرة | ١٢٥٤ |
| یا اللہ تو معاویہ کو لکھنا اور حساب سکھا اور اُسکو عذاب سے | (حم) | اللهم علم معاوية الكتاب والحساب وقه العذاب | ١٢٥٥ |
| یا اللہ تو اسکو حکمت اور کتاب کی تاویل سکھا | (ه) | اللهم علمه الحكمة وتاويل الكتاب | ١٢٥٦ |
| یا اللہ اُسکو دین کی سمجھ دے اور علم تاویل سکھا | | اللهم فقهه في الدين وعلمه التاويل | ١٢٥٧ |
| یا اللہ میں عثمان سے راضی ہوں تو بھی اس سے راضی ہو جا | (كر) | اللهم قد رضيت عن عثمان فارض عنه ثلاثا | ١٢٥٨ |
| یا اللہ تو نے جو رزق مجھے دیا ہے اسپر قناعت عطا کر اور اسمیں مجھے | (م) | اللهم قنعني بما رزقتني وبارك لي فيه | ١٢٥٩ |
| یا اللہ دودھ والی ہو بانجھ نہ ہو | (ط) | اللهم لقحا لا عقيما | ١٢٦٠ |
| یا اللہ تیرا حمد و شکر ہے اور تیرے لئے احسان و فضل | (حم) | اللهم لك الحمد شكرا ولك المن فضلا | ١٢٦١ |
| یا اللہ مجھے اپنے عذاب سے اُس روز بچا کہ جب اپنے بندوں کو اٹھ | (د) | اللهم قني عذابك يوم تبعث عبادك | ١٢٦٢ |
| یا اللہ بوڑھوں کے بجھانیوالے اور بچوں کو بڑا کرنیوالے اسکو مجھ سے بجھا | (حم) | اللهم مطفئ الكبير ومكبر الصغير اطفها عني | ١٢٦٣ |
| یا اللہ دلوں کے پھیرنیوالے میرا دل اپنے دین پر ثابت کر | (حم) | اللهم مقلب القلوب ثبت قلبي على دينك | ١٢٦٤ |
| یا اللہ یہ میری جانب سے اور میری امت کی جانب سے | (طب) | اللهم هذا عني وعن امتي | ١٢٦٥ |

...at.com

| | | |
|---|---|---|
| اللهم لا تخزني يوم القيامة | (حم) | یا اللہ مجھے قیامت کے روز رسوا نہ کیجیو |
| اللهم لا سهل الا ما جعلته سهلا | (فن) | یا اللہ کوئی امر آسان نہیں مگر جسے تو آسان کرے |
| اللهم لا احل لهم ان يكذبوا عليا | (ط) | یا اللہ میں انکے لئے یہ حلال نہیں کرتا کہ وہ علی کو جھٹلائیں |
| اللهم بارك لنا فيه واطعمنا ما هو خير منه | (حز) | یا اللہ ہمکو اس میں برکت دے اور ہمیں کھلا جو اس سے بہتر ہو |
| اللهم بنعمتك تتم الصالحات | (حز) | یا اللہ تیری نعمت سے نیکیاں مکمل ہوتی ہیں |
| اللهم ثبته واجعله هاديا مهديا قاله لعلى | (حز) | یا اللہ تو اس (علی) کو ثابت قدم۔ ہدایت کنندہ اور ہدایت یافتہ بنا دے |
| اللهم جوزه على الصراط | (لح) | یا اللہ تو اسکو پلصراط پر سے گذار دے |
| اللهم حاسبني حسابا يسيرا | (حم) | یا اللہ تو میرے ساتھ آسان حساب کر |
| اللهم حجة لا رياء فيها ولا سمعة | (ه) | یا اللہ حج بغیر ریا اور بغیر سنانے کے ہو |
| اللهم خرلي واخترلي | (ت) | یا اللہ تو میرے لئے پسند کر اور پسندیدہ پکڑ |
| اللهم سدد سهمه واجب دعوته وحببه | (کر) | یا اللہ تو اسکا حصہ درست کر اُسکی دعا قبول کر اور اُسکو محبوب بنا دے |
| اللهم صل على المحلقين ثلاثا | (نخ) | یا اللہ سر منڈانیوالوں پر رحم کر (یہ کلمہ تین دفعہ فرمایا) |
| اللهم صيبا صيبا | (حم) | یا اللہ بارش کر بارش کر |
| اللهم عافني من الغل يوم القيامة | (فر) | یا اللہ قیامت کے روز طوق سے امان دے |
| اللهم عافني في بدني اللهم عافني في سمعي | (ش) | یا اللہ مجھکو بدن کی سلامتی دے یا اللہ میرے کانوں کو سلامت رکھ |
| اللهم عثمان رضيت عنه فارض عنه | (کی) | یا اللہ میں عثمان سے راضی ہو گیا ہوں تو اُس سے راضی ہو |
| اللهم عليك ببني عصية فانهم عصوا الله ورسوله | (ط) | یا اللہ تو بنی عصیہ کو لازم پکڑ کیونکہ انہوں نے خدا و رسول کا خلاف کیا ہے |
| اللهم عني وعن من لم يضح من امتي | (لٹ) | یا اللہ یہ قربانی مجھ سے ہے اور اُس سے جس نے میری امت سے قربانی نہیں کی |
| اللهم قاتل اهل الكتاب اله الحق | (حم) | یا اللہ۔ الٰہ الحق اہل کتاب کو قتل کر دے |
| اللهم قني شر نفسي واعني على رشد امري | (ط) | یا اللہ مجھے شر نفس سے بچا اور میری نفس کی ہدایت پر امداد کر |
| اللهم كما اطعمتنا اوله فاطعمنا آخره | (حز) | یا اللہ جسطرح تو نے ہمکو اسکے اول میں کھلایا ہے ویسے ہی آخر میں بھی کھلا |
| اللهم لك الحمد كثيرا طيبا مباركا فيه | (ط) | یا اللہ تجھکو بہت حمد ہے جو کہ پاک اور مبارک نیہ ہے |
| اللهم لك صمت وعلى رزقك افطرت | (ط) | یا اللہ تیرے لئے میں نے روزہ رکھا اور تیرے رزق پر افطار کیا |

rfat.com

| | | |
|---|---|---|
| اللهم متعني بسمعي وبصري وعقلي | (هق) | یا اللہ تو مجھکو میرے کانوں اور آنکھوں اور عقل سے فائدہ دے |
| اللهم نجني من النار سالما وادخلني الجنة غانما | (ط) | یا اللہ مجھے آگ سے سلامت نجات دے اور جنت میں داخل فرماد |
| اللهم نجني من النار سالما | (ط) | یا اللہ مجھکو آگ سے سلامتی کے ساتھ امان اور نجات عطا کر |
| اللهم لا تخزني يوم البأس ولا يوم القيامة | (ط) | یا اللہ مجھکو لڑائی کے دن رسوا نہ کرنا اور نہ قیامت کے دن |
| اللهم لا تجعلني مع الاشرار | (فر) | یا اللہ تو مجھکو شریروں کے ساتھ مت رکھنا |
| اللهم لا تفضحنا يوم اللقاء | (حم) | یا اللہ تو ملاقات والے روز مجھکو رسوا نہ کرنا |
| اللهم لا تجعل لفاجر عندي نعمة اكافئه بها | (فر) | یا اللہ فاجر کی نعمت میرے ذمہ نہ کرنا جسکا عوض میں ادا کروں |
| البان البقر شفاء وسمنها دواء ولحومها داء | (ط) | گائے کا دودھ شفا ہے اور اسکا گھی دوائی اور اسکا گوشت بیماری ہے |
| البسوا الصوف وكلوا في انصاف البطون فانه جزء من النبوة | (فر) | صوف پہنو اور آدھا پیٹ روٹی کھایا کرو کیونکہ یہ نبوت کا جزو ہے |
| التمسوا الرزق في النكاح | (فر) | رزق کو نکاح کرنے میں تلاش کرو |
| التمسوا ليلة القدر ليلة سبع وعشرين | (حم) | لیلۃ القدر ستائیسویں ۲۷ رات کو تلاش کرو |
| التمسوا ليلة القدر في العشر الاواخر | (ض) | لیلۃ القدر آخری دہاکے میں تلاش کرو |
| التمسوا ليلة القدر في اربع وعشرين | (ابن نصر) | لیلۃ القدر کو چوبیسویں ۲۴ تاریخ میں تلاش کرو |
| الحدوا ولا تشقوا فان اللحد لنا والشق لغيرنا | (حم) | لحد بناؤ اور شق نہ بناؤ کیونکہ لحد ہمارے لئے ہے اور شق ہمارے غیر کیلئے (قبر اُ |
| الحق بسلفنا الصالح عثمان بن مظعون | (ط) | ہمکو ہمارے اگلے نیکوں میں ملادے وہ عثمان بن مظعون ہے |
| الزم بيتك | (ط) | اپنے گھر کو لازم پکڑ |
| الزمها فان الجنة تحت اقدامها يعني الوالدة | (حم) | اُسکو (والدہ) لازم پکڑ کیونکہ جنت اُسکے قدموں کے نیچے ہے (یعنی |
| الق الله بثلاث وثلاثين زنية ولا تلقه بدرهم ربا | (فر) | اللہ سے تینتیس ۳۳ مرتبہ زنا کے ساتھ ملاقات کر مگر سود کے ایک روپیہ کے ساتھ بھی نہ کر |
| اما ان كل بناء وبال على صاحبه الا ما لابد منه | (د) | خبردار رہو۔ ہر ایک عمارت اپنے مالک پر وبال ہے مگر وہ جو ضروری ہو |
| اما ان ربك يحب المدح وفي لفظ الحمد | (حم) | خبردار رہو۔ تیرا رب مدح کو پسند کرتا ہے ایک روایت میں لفظ حمد وارد ہے |
| اما انه لم يبق من الدنيا الا بلاء وفتنة | (ه) | خبردار۔ دنیا سے سوائے بلا اور فتنہ کے اور کچھ باقی نہیں رہا |
| اما انك لو ثبت لفقأت عينك | (ت) | خبردار۔ اگر وہ ثابت جمتا ضرور تیری آنکھ پھوڑ دیتا |
| اما انك لو لم تأتها لاتتك | (ط) | خبردار اگر تو اسکے پاس نہ جائے وہ تیرے پاس آئیگی۔ |

Marfat

| | | |
|---|---|---|
| اما انها ستكون لكم الانماط | (خ) | خبردار ہو جاؤ تمہارے لئے عنقریب پردے اور بستر ے ہیں |
| اما ترضى ان تكون لهم الدنيا ولنا الآخرة | (حم) | کیا تو راضی نہیں کہ انکے لئے دنیا اور ہمارے لئے آخرت ہو |
| اما شعرت انا لا نأكل الصدقة | (ق) | کہ تجھکو معلوم نہیں ہے کہ ہم صدقہ نہیں کھاتے |
| اما علمت ان الدم حرام كله | (فر) | کیا تو نہیں جانتا کہ خون بالکل حرام ہے |
| اما كان لهذا دهن يسكن به شعره | (ن) | کیا اسکے لئے تیل نہیں تھا جو اس سے اپنے بال بٹھاتا |
| اما والله انى لامين فى السماء امين فى الارض | (ط) | خبردار ہو خدا کی قسم میں آسمان اور زمین میں امین ہوں |
| اما انا فافرغ على رأسى ثلاثا | (حم) | بہر حال میں تو اپنے سر پر تین دفعہ پانی ڈالتا ہوں |
| اما انا فلا اصلى عليه يعنى من قتل نفسه | (ن) | بہر حال میں اس (خودکشی کرنیوالے) پر نماز جنازہ نہیں پڑھتا |
| اللهم لا تكلنى الى نفسى طرفة عين | (نجا) | یا اللہ مجھے میرے نفس کے سہارے پر آنکھ جھپکانے تک بھی چھوڑ |
| البسوا البياض وكفنوا فيها موتاكم | (ط) | سفید کپڑے پہنو اور انہی میں اپنے مُردوں کو کفن دو |
| التمس ولو خاتما من حديد | (حم) | تو تلاش کر اگرچہ لوہے کی انگوٹھی ہو |
| التمسوا الخير عند حسان الوجوه | (ط) | خیر کو خوبروؤں کے پاس تلاش کرو |
| التمسوا هذه الليلة ليلة ثلاث وعشرين | (حم) | اس رات (لیلۃ القدر) کو تئیسویں رات میں تلاش کرو |
| التمسوا ليلة القدر آخر ليلة من رمضان | (ابن نم) | لیلۃ القدر کو رمضان کی آخری رات میں تلاش کرو |
| التمسوا الرزق فى خبايا الارض | (كر) | رزق کو زمین کی پوشیدگیوں میں تلاش کرو |
| الحق فيها الصلاة خير من النوم | (حل) | سچ یہ ہے کہ نماز نیند سے بہتر ہے |
| الحقى بسلفنا الخير عثمان بن مظعون | (ط) | میری بیٹی ہمارے برگزیدہ کے ساتھ مل جا جو عثمان بن مظعون ہے |
| الزم رجلها فثم الجنة يعنى الوالدة | (ط) | اس کے (والدہ) پاؤں کے ساتھ لازم رہ کر تو جنت کی بو پائیگا |
| الظوا بيا ذا الجلال والاكرام | (ت) | یاذا الجلال والاکرام کو زور دو (اسکا وظیفہ بہت پڑھا کرو) |
| الهوا والعبوا فانى اكره ان يكون فى دينكم غلظة | (فر) | تم لہو و لعب کرو کیونکہ میں تمہارے دین میں سختی مکروہ جانتا ہوں |
| اما ان العريف يدفع فى النار دفعا | (ط) | خبردار تحقیق قوم کے عریف (چودہری) کو جہنم میں دھکا دیا جائیگا |
| اما ان الاولاد مبخلة مجبنة محزنة | (ط) | خبردار تحقیق اولاد ایک شخص کو بخیل اور بزدل اور غمناک کرنیوالی ہے |
| اما انه لو سمى لكفاكم | (ت) | خبردار اگر وہ بسم اللہ پڑھ لیتا تو البتہ تمہارے لئے کافی ہوتا |

| | | |
|---|---|---|
| اما انك لو لم تعطه شيئا كتبت عليك كذبة | (حم) | خبردار ہو جا تو اگر اسکو کچھ نہ دیتی تو تیرے نام جھوٹ لکھا جاتا |
| اما انها كائنة ولم يأت تأويلها بعد | (حم) | خبردار وہ ضرور ہونیوالا ہے ابتک اسکا انجام معلوم نہیں ہوا |
| اما انكم لو قتلتموه لكان اول فتنة وآخرها | (ط) | خبردار اگر تم نے اسکو قتل کیا ہوتا تو البتہ تو اسکا اول و آخر فتنہ ہوتا |
| اما ترضى انك اخي وانا اخوك قاله لعلي | (ط) | کیا تو (اے علی) اسپر خوش نہیں کہ تو میرا بھائی ہے اور میں تیرا بھائی ہوں |
| اما علمت ان عم الرجل صنو ابيه | (حم) | کیا تجھکو یہ معلوم نہیں کہ کسیکا چچا اُسکے باپ کا ہم شاخ ہے |
| اما علمت انك ومالك من كسب ابيك | (ط) | کیا تجھکو معلوم نہیں کہ تو اور تیرا مال تیرے باپ کے کسب سے ہے |
| اما والله اني اتقاكم لله واخشاكم له | (م) | خبردار خدا کی قسم میں تم سے زیادہ پرہیزگار اور خدا سے بہت ڈرنیوالا ہوں |
| اما انا فلا آكل متكئا | (ت) | بہر حال میں تکیہ لگا کر نہیں کھاتا |
| اما انا فافيض على رأسي ثلاثا | (ط) | (بہر حال میں غسل کے وقت) سر پر تین دفعہ پانی ڈالتا ہوں |
| ام القرآن السبع المثاني والقرآن العظيم | (خ) | قرآن کی اصل سورۂ فاتحہ ہے |
| ام القرى مكة وام خراسان مرو | (فز) | اصل بستیوں کی مکہ اور اصل خراسان کی شہر مرو ہے |
| ام الولد حرة وان كان سقطا | (ط) | امّ ولد حرّہ ہے اگرچہ غیر تام مخلوق ہو (اسکا بچہ ناقص اعضا والا ہو) |
| امتي في الارض اكثر من عدد الحصى | (ط) | میری امت دنیا میں کنکروں سے زیادہ ہے |
| امرؤ القيس صاحب لواء الشعراء الى النار | (حم) | امرؤ القیس شعراء کا علم بردار جہنم کو جائیگا |
| امرأة المفقود امرأته حتى يأتيها البيان | (ق) | مفقود الخبر کی زوجہ اسکی زوجہ رہیگی جبتک کہ حال معلوم نہ ہو |
| امر ابن آدم ان يسجد على سبعة اعظم | (ط) | آدمی کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ سات اعضا پر سجدہ کرے |
| امر الدم بما شئت واذكر اسم الله عليه | (ق) | ذبح کرتے وقت خون جاری کر اور بسم اللہ پڑھ |
| امرت ان اؤول الرؤيا | (فز) | مجھکو حکم دیا گیا ہے کہ میں خواب کے معنے بیان کروں |
| امرت ان اعرض القرآن على عمر بن الخطاب | (فز) | مجھکو حکم دیا گیا ہے کہ قرآن عمر بن خطاب پر پیش کروں (سناؤں) |
| امرت ان اغتسل وعلي ستر | (فز) | مجھے حکم دیا گیا ہے کہ پردہ ڈالکر غسل کروں |
| امرت بالوتر وركعتي الضحى ولم تكتب علي | (حم) | مجھے وتر اور دو رکعت چاشت گاہ کا حکم ہے اور مجھپر فرض نہیں کیا گیا |
| امرت بالسواك حتى خفت على اسناني | (ط) | مجھکو مسواک اسقدر کرنیکا حکم دیا گیا کہ مجھے دانت گرنیکا فکر ہوگیا |
| امرت بالسواك حتى ظنـ... انه سينزل فيه القرآن | (حم) | مسواک کرنیکا مجھے اسقدر حکم ہوا کہ میں نے گمان کیا کہ اسبارہ میں قرآن نازل ہوگا |

Marfat

| | | | |
|---|---|---|---|
| ت بالخاتم والنعلين | (ط) | مجھکو انگوٹھی اور دو چپلیوں کا حکم دیا گیا ہے | ٠ |
| ۔ بالستر فلم اجد ستر من السراویل | (ع) | مجھکو پردہ کرنیکا حکم دیا گیا تو میں نے پاجامہ سے زیادہ پردہ والی چیز نہیں پائی | ٠٩ |
| ی جبریل ان اکبر | (نع) | مجھکو جبریل علیہ السلام نے حکم دیا کہ اللہ اکبر کہا کروں | ١٠ |
| ان نضع ایماننا علی شمائلنا فی الظلام | (حم) | مجھکو یہ حکم ہوا کہ ہم تاریکی میں دایاں ہاتھ بائیں پر رکھیں | ١١ |
| اسباغ الوضوء | (دارمی) | مجھکو حکم ہوا ہے کہ وضو کامل کیا کروں | ٢ |
| حوا علی الخفین وعلی الخمار | (حم) | موزوں اور اوڑھنیوں پر مسح کرو | ٣ |
| حوا علی الخفین والموق | (ط) | موزوں اور آنکھوں کے کونوں پر مسح کرو | ٤ |
| حوا علی العصائب والتساخین | (د) | اپنے زخم کی پٹیوں اور چوٹوں پر مسح کیا کرو | ١٥ |
| ک علیک زوجک واتق اللہ | (حم) | اپنی زوجہ کو اپنے لئے روک رکھ اور خدا سے ڈر | ٦ |
| الاذی عن الطریق فانہ لک صدقۃ | (خ) | نقصان دہ چیز راستہ سے ہٹادے پس یہ تیرے لئے صدقہ ہے | ٧ |
| ۔ علیک لسانک | (ط) | اپنے آپ پر اپنی زبان کو مسلط کر | ٨ |
| لمسلمین علی صلاتہم وسحورہم المؤذنون | (هق) | مسلمانوں کی نمازوں اور سحریوں پر مؤذن امین ہیں | ١٩ |
| ن امی بعد امی | (کر) | ام ایمن میری ماں کے بعد میری والدہ ہے | ٠ |
| امر الجاھلیۃ الا ما حسنہ الاسلام | (فر) | جاہلیت والے امر کو ترک کردے مگر وہ جسکو اسلام عمدہ سمجھے | ١ |
| لغر المحجلون یوم القیامۃ | (ض) | میری امت قیامت کے روز سفید پیشانی والی پنج کلیان ہوگی | ٢ |
| قیس سابق الشعراء الی النار | (کر) | امرء القیس جہنم کیطرف شعراء کا سردار ہوگا | ٣ |
| ساء الی آبائھن ورضاھن السکوت | (خ) | عورتوں کا کام اُنکے باپوں کے سپرد ہے اور انکی رضامندی سکوت ہے | ٤ |
| ن امرین وخیر الامور اوساطھا | (ق) | بہتر امر افراط اور تفریط کے درمیان ہے | ٥ |
| سل ان لا تاکل الا طیبا ولا تعمل الا صالحا | (کر) | خدا کے رسولوں کو حکم ہوا ہے کہ سوائے پاکیزہ چیز نہ کھائیں اور بغیر صالح کے کام نہ کریں | ٦ |
| ان اسمی ابنی ھذین حسنا وحسینا | (فر) | مجھکو حکم دیا گیا ہے کہ میرے ان دو بچوں کا نام حسن وحسین ہے | ٧ |
| ان اسجد علی سبعۃ اعظم | (ط) | مجھکو حکم دیا گیا ہے کہ میں سات اندام پر سجدہ کروں | ٨ |
| ان اولی الرؤیا ابا بکر | (فر) | مجھکو حکم دیا گیا ہے کہ اولی الرؤیا ابوبکر ہے | ٩ |
| یا لوتر والاضحی ولم یعزم علی | (حم) | مجھکو وتر اور چاشت کی نماز کا حکم ہے اور مجھپر لازم نہیں کی گئی | ٠ |

| | | |
|---|---|---|
| امرت بالسواك حتی خشیت علی اضراسی | (ع) | مجھکو مسواک کرنیکا حکم دیا گیا یہانتک کہ مجھے اپنے دانتوں |
| امرت بالسواك حتی خشیت ان یکتب علیّ | (حم) | مجھکو مسواک کرنیکا حکم ہوا یہانتک مجھے اسکے فرض ہونیکا |
| امرت برکعتی الفجر والوتر ولم تکتب علی | (حم) | مجھکو دو رکعت فجر اور وتر کا حکم ہوا۔ اور مجھپر فرض نہیں کی |
| امرت ببناء المساجد جما [۵۱] | (نع) | مجھکو تمام مسجدوں کے بنانیکا حکم ہوا ہے |
| امرت بهدم الطبل والمزمار | (فر) | مجھکو نقاروں اور باجوں کے توڑنیکا حکم ہوا ہے |
| امرنی جبریل بالنفخ | (ت) | مجھکو جبریل نے پانی چھڑکنے کا حکم دیا ہے |
| امرنا ان نکلم الناس علی قدر عقولهم | (فر) | ہمکو حکم دیا گیا ہے کہ لوگوں سے انکی عقل کے مطابق |
| امسح رأس الیتیم واطعم المسکین | (حم) | یتیم کے سر پر ہاتھ پھیر اور مسکین کو کھلا |
| امسحوا علی الخمر والموق | (ط) | اپنے دوپٹوں اور آنکھوں کے کونوں پر مسح کرو |
| امسحوا علی الخفاف ثلاثة ایام | (ط) | موزوں پر تین روز تک مسح کیا کرو |
| امسك علیك اربعا وفارق سائرهن | (حب) | چار عورتوں کو روک رکھ اور باقی کو چھوڑ دے |
| امشوا امامی خلوا ظهری للملائكة | (سع) | میرے آگے آگے چلو میری پشت فرشتوں کے لئے خالی کردو |
| امكثی فی بیتك حتی یبلغ الكتاب اجله | (ت) | تو اپنے گھر میں رہا کر یہانتک کہ وقت مقررہ آجائے |
| املكوا العجین فانه اعظم للبركة | (ن) | آٹے کے مالک بنو اسمیں بڑی برکت ہے (آٹا لیکر پکاؤ) |
| امنی جبریل عند الكعبة فجهر ببسم الله الرحمن الرحیم | (قط) | جبریل نے پیش امام ہوکر مجھکو نماز پڑھائی کعبہ کے نزدیک پس بسم اللہ آ |
| امسك بنصالها | (حم) | تیر کی نوک پکڑ لے |
| امین هذه الامة عبیدة بن الجراح | (خ) | عبیدہ بن جراح اس امت کا امین ہے |
| اناء كاناء وطعام كطعام | (ن) | برتن جیسا برتن اور طعام جیسا طعام دینا چاہئے آپ نے فرمایا جب حضرت |
| ان الله ابی لی ان اتزوج او ازوج الا من اهل الجنة | (کر) | اللہ نے انکار فرمایا ہے کہ اہل جنت کے سوا میں نکاح کروں |
| ان الله اخرجنی من نكاح ولم یخرجنی من سفاح | (هق) | اللہ نے مجھے نکاح کرنیوالوں سے پیدا کیا ہے زنا کرنیوالوں سے نہیں |
| ان الله اذا احب عبدا ابتلاه لیسمع صوته | (هق) | اللہ جب کسیکو پیار کرتا ہے تو اسکو مبتلا کرتا ہے تاکہ اسکی آواز سنے |
| ان الله اذا احب عبدا جعل رزقه كفافا | (ابو) | اللہ جب کسیکو پیار کرتا ہے تو اسکا رزق بقدر کفاف مقرر کردیتا |
| ان الله اذا اراد بقوم خیرا ابتلاهم | (فی) | اللہ جب کسی قوم کی بھلائی چاہتا ہے تو اسکو مشکلات میں مبتلا کر |

[۵۱] جما - بے کنگرہ یعنے بے منار - منتہی الارب ۱۲ ؛ یعنے مجھکو مسجدیں بغیر منار کے بنانے کا حکم ہوا - (مترجم)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴ | ن الله اذا تجلی لشئ من خلقه خضع له | (فر) | اللہ جب کسی چیز پر ظاہر ہوتا ہے تو وہ چیز اسکے لئے عاجز ہو جاتی ہے |
| ۵ | ن الله ارسلنی برسالة فضقت بها ذرعاً | (نخ) | اللہ نے مجھکو رسول کرکے بھیجا جسکی وجہ سے میرا سینہ تنگ ہو گیا |
| ۶ | ن الله اعطانی صلاة الصفوف والتحیة والتامین | (ابن خزیمہ) | اللہ نے مجھکو صف اور تحیتہ اور آمین والی نماز عطا فرمائی ہے |
| ۷ | ن الله اکرم امتی بالولایة | (فر) | اللہ نے میری امت کو ولایت کے ساتھ بزرگی عطا کی ہے |
| ۸ | ن الله امرنی ان ازوج فاطمة من علیؓ | (ط) | اللہ نے مجھکو حکم دیا ہے کہ فاطمہ کا نکاح علی سے کروں |
| ۹ | ن الله انزل برکات ثلاثا الشاة والنخلة والنار | (ط) | اللہ نے تین برکتیں نازل کی ہیں ایک بکری دوم کھجور سوم آگ |
| ۱۰ | الله بعثنی رحمة مهداة بعثت برفع قوم وخفض آخرین | (کر) | اللہ نے مجھے رحمت کرکے بھیجا ہے تاکہ ایک قوم کو بلند کروں اور دوسری کو نیچے |
| ۱۱ | لله تجاوز لامتی عن النسیان وما اکرهوا علیه | (ط) | اللہ نے میری امت سے بھول اور جبر کو درگذر کیا ہے |
| ۱۲ | ن الله تکفل لی بالشام واهله | (فر) | خدا میرا شام اور اہل شام کے ساتھ ضامن ہوا ہے |
| ۱۳ | الله جعل الحق فی قلب عمر وعلی لسانه | (لک) | خدا نے عمر کے دل اور زبان پر حق جاری کیا ہوا ہے |
| ۱۴ | الله جعل لی الارض مسجدا وطهورا | (ط) | خدا نے زمین میرے لئے مسجد اور پاک کرنے والی بنائی ہے |
| ۱۵ | لله جعلنی عبدا کریما ولم یجعلنی جبارا عنیدا | (د) | خدا نے مجھے عبد کریم بنایا ہے ظالم عبد نہیں بنایا |
| ۱۶ | له جعل عذاب هذه الامة فی الدنیا القتل | (حل) | خدا نے اس امت کا عذاب دنیا میں قتل بنایا ہے |
| ۱۷ | الله جمیل یحب الجمال | (لک) | خدا خوب ہے اور خوبی کو پسند کرتا ہے |
| ۱۸ | الله حرم الجنة علی جسد غذی بحرام | (عبد) | خدا نے اُس جسم پر جنت حرام کی ہے جو غذائے حرام سے پلا |
| ۱۹ | الله حرم علی لسانی ما بین لابتی المدینة | (ش) | خدا نے میری زبان سے مدینہ کے دو سنگستان کے درمیان جگہ حرام کی ہے |
| ۲۰ | م الصفوف من الشیطان الصف الاول | (ابو) | شیطان سے زیادہ بچنے والی صف اول ہے |
| ۲۱ | سك علیك بعض مالك فهو خیر لك | (خ) | بعض مال اپنے لئے روک رکھ یہ تیرے لئے بہتر ہے |
| ۲۲ | طوا عنا ذنابکم | (ن) | اپنے دُم کو ہم سے دور کرو |
| ۲۳ | الله ابی علیا فیمن قتل مؤمنا ثلاثا | (حم) | اللہ نے میرے آگے اُس شخص سے انکار فرمایا جو مومن کو قتل کرے تین دفعہ فرمایا |
| ۲۴ | الله احتجز التوبة عن کل صاحب بدعة | (ط) | اللہ نے ہر صاحب بدعت کی توبہ قبول کرنے سے انکار فرمایا |
| ۲۵ | الله اذا احب قوما ابتلاهم | (هق) | اللہ جب کسی قوم کو پیار کرتا ہے تو اُسے مبتلا کر دیتا ہے |
| ۲۶ | الله باهی الملائکة عشیة عرفة بعمر | (عد) | اللہ نے فرشتوں پر عمر کی وجہ سے روز عرفہ کے تیسرے پہر فخر کیا |

Marfat.c

| | | |
|---|---|---|
| ان اللہ اذا احب اھل بیت ادخل علیہم الرفق | (نیا) | اللہ جب کسی خاندان کو محبوب رکھتا ہے اسکو نرمی عطا کر |
| ان اللہ اذا استودع شیئًا حفظہ | (حب) | اللہ جب کسی چیز کو امانت رکھتا ہے تو اسکی حفاظت کرتا ہے |
| ان اللہ اذا ذکر شیئًا تعاظم ذکرہ | (ق) | اللہ جب کسی چیز کا ذکر کرتا ہے اسکا ذکر بڑا کرتا ہے |
| ان اللہ ارسلنی مبلغا ولم یرسلنی متعنتا | (م) | اللہ نے مجھے مبلغ کر کے بھیجا ہے مجھکو ذلیل کرنیوالا نہیں |
| ان اللہ اعتقہ حین ملکہ یعنی اخاہ | (قط) | اللہ نے اسکو آزاد کیا جبکہ وہ اسکا مالک ہوا |
| ان اللہ امرنی ان اسمی المدینۃ طیبۃ | (ط) | اللہ نے مجھے حکم دیا کہ مدینہ کا نام طیبہ رکھوں |
| ان اللہ امرنی ان امحق المزامیر | (حم) | اللہ نے مجھے حکم دیا کہ میں باجوں (مزامیر) کو مٹا دوں |
| ان اللہ اوحی الی ان تواضعوا حتی لا یبغی بعضکم علی بعض | (خ) | اللہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ ایکدوسرے کی تواضع کیا کرو باہمی ظلم نہ کیا |
| ان اللہ بنی جنات عدن بیدہ | (حل) | اللہ نے جنات عدن کو اپنے ہاتھ سے بنایا |
| ان اللہ تصدق بفطر رمضان علی مریض امتی ومسافرھا | (سع) | اللہ نے میری امت کے مریض اور مسافر کے روزہ افطار کرنیکا صدقہ |
| ان اللہ جعل الحق علی لسان عمر وقلبہ | (حم) | اللہ نے عمر کی زبان اور دل پر حق رکھا ہوا ہے |
| ان اللہ جعل السکینۃ علی لسان عمر وفی قلبہ یقول بھا | (کر) | اللہ نے عمر کی زبان پر حق رکھا ہے اسکے دل میں حق ہے وہ حق کہتا |
| ان اللہ جعل للزرع حرمۃ غلوۃ سھم | (ف) | اللہ نے کھیت کے لئے حرم بنایا ہے اس حرم کی مقدار ایک تیر |
| ان اللہ جعل البرکۃ فی السحور والکیل والمیزان | (شیرازی) | اللہ نے سحری میں برکت کی ہے ناپ اور ترازو میں برکت کی |
| ان اللہ جعل البھاء والھوج فی الطوال | (فر) | اللہ نے زینت اور برانگیختگی لبوں میں پیدا کی ہے |
| ان اللہ حرم من الرضاع ما حرم من النسب | (ن) | اللہ نے رضاعت سے وہ حرام کئے ہیں جو نسب سے حرام کئے ہیں |
| ان اللہ حرم الخمر والمیسر والکوبۃ والغبیراء | (حم) | اللہ نے شراب جوا شطرنج اور غبیرا حرام کی ہے (غبیرا شراب کی |
| ان اللہ حرم علی الصدقۃ وعلی اھل بیتی | (سع) | اللہ نے مجھ پر اور میرے اہل بیت پر صدقہ حرام کیا ہے |
| ان اللہ حرم علینا زبد المشرکین | (ط) | اللہ نے ہم پر مشرکین کا مکھن حرام کیا ہے |
| ان اللہ خلق الجنۃ بیضاء | (حم) | اللہ نے جنت کو سفید پیدا کیا ہے |
| ان اللہ خلق الشعیر من الحنطۃ | (فر) | اللہ نے جو گندم سے پیدا کئے ہیں |
| ان اللہ ذبح ما فی البحر لبنی آدم | (ق) | دریائی اشیاء کو بنی آدم کے لئے اللہ نے ذبح کیا ہے |
| ان اللہ رفیق یحب الرفق | (حم) | اللہ نرمی کو پسند کرتا ہے کیونکہ وہ خود نرمی کرنیوالا ہے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ان الله رضی لهذه الامة بالیسر وکره لها العسر | (حا) | اللہ نے اِس امت کے لئے آسانی پسند فرمائی اور تنگی کو ناپسند کیا | ٥٠ |
| ان الله زادکم صلاة تحافظوا علیها وهی الوتر | (حم) | اللہ نے تمہارے لئے ایک نماز زیادہ کی ہے اسکی حفاظت کرو اور وہ وتر ہے | ٥١ |
| ان الله سمی المدینة طابة | (حم) | اللہ نے مدینہ کا نام طیبہ رکھا ہے | ٥٢ |
| ان الله صانع کل صانع وصنعته | (خ) | اللہ ہر ایک کاریگر اور اُسکی کاریگری کا خالق ہے | ٥٣ |
| ان الله طهر قوما بالصلع فی رؤسهم وان علیا اولهم | (فر) | اللہ نے ایک قوم کو بوجہ سروں پر کم بال ہونیکے پاک کیا اور علیؓ انکا پہلا ہے | ٥٤ |
| ان الله غافر الالمن ابی | (فر) | اللہ سب کا بخشنے والا ہے مگر انکار کرنیوالے کو نہیں | ٥٥ |
| ان الله فضل المرسلین علی المقربین | (فر) | اللہ نے رسولوں کو مقربوں پر فضیلت دی ہے | ٥٦ |
| ان الله قبض ارواحکم حین شاء وردها حین شاء | (حم) | اللہ نے جب چاہا تمہاری روحوں کو قبض کیا اور جب چاہا انہیں لوٹا دیا | ٥٧ |
| ان الله قد زادکم صلاة وهی الوتر | (ط) | اللہ نے تمہارے لئے ایک نماز زیادہ کردی اور وہ وتر ہے | ٥٨ |
| ان الله کره لکم البیان کل البیان | (ط) | اللہ نے تمہارے لئے کامل بیان منع فرمایا ہے | ٥٩ |
| ان الله لغنی عن مشیها مروها فلترکب | (ت) | اللہ اسکے پیادہ چلنے سے بے پرواہ ہے اُسکو حکم کرو کہ سوار ہو جائے | ٦٠ |
| ان الله لما ذرأ لجهنم کان ولد الزنا مما ذرأ لها | (م) | اللہ نے جب دوزخ کے لئے مخلوق پیدا کی تو ولد الزنا اُنہیں سے ہے جو جہنم کیلئے پیدا کئے | ٦١ |
| ان الله لم یجعل شفاءکم فیما حرم علیکم | (ق) | اللہ نے تمہاری شفا حرام چیزیں نہیں رکھی | ٦٢ |
| ان الله لم یجعلنی لحانا | (فر) | اللہ نے مجھکو گانے والا نہیں بنایا | ٦٣ |
| ان الله لیبغض الجعظری الجواظ | (ک) | اللہ بدخو سخت دل کو بُرا جانتا ہے | ٦٤ |
| ان الله لیدرأ بالصدقة سبعین میتة من السوء | (ابو) | اللہ صدقہ کی وجہ سے ستر برائیوں کی مرداری دفع کرتا ہے | ٦٥ |
| ان الله لیرفع العذاب عن الامة بصدقة رجل منهم | (فر) | اللہ ساری امت سے عذاب ایک شخص کے صدقہ کرنے سے دور کر دیتا ہے | ٦٦ |
| ان الله لیعذب المیت بنیاح اهله علیه | (ط) | اللہ مردے کو بوجہ نوحہ کرنے اُسکے اہل کے عذاب دیتا ہے | ٦٧ |
| ان الله لیعجب من الصلاة فی الجمع | (حم) | اللہ جماعت کی نماز سے تعجب کرتا ہے (مراد کمال پسندیدگی ہے) | ٦٨ |
| ان الله لیغضب للسائل الصدوق کما یغضب لنفسه | (فر) | اللہ سچے سائل کی وجہ سے غصے ہوتا ہے جیسا کہ اُسکے نفس پر غصہ ہوتا ہے | ٦٩ |
